باہر ہیں' یا جن کے لئے کسی وجہ سے قرآن کالج / قرآن اکیڈمی لاہور میں حاضری ممکن نہیں' ان کے لئے خط و کتابت کورسز ترتیب دیئے گئے ہیں' تاکہ وہ بھی گھر بیٹھے سہولت کے ساتھ اپنے فارغ وقت میں عربی گرامر اور قرآن کی تعلیم حاصل کر سکیں۔ یہ کورسز درج ذیل ہیں :

(i) قرآن حکیم کی فکری و عملی راہنمائی

(ii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ اول)

(iii) ابتدائی عربی گرامر (حصہ دوم)

(vi) ابتدائی عربی گرامر (حصہ سوم)

(v) ترجمۂ قرآن کریم کورس

پہلے کورس کا آغاز جنوری 1988ء میں ہوا۔ اس کورس کا مقصد خواتین و حضرات اور طلبہ و طالبات کو قرآن حکیم کے مربوط مطالعے کے ذریعے دین کے جامع اور ہمہ گیر تصور سے متعارف کرانا ہے۔ بفضل باری تعالیٰ یہ کورس بھرپور انداز میں جاری ہے۔ اس میں حصہ لینے والوں کی تعداد 3298 تک پہنچ چکی ہے۔ بیرونِ ملک اس کورس کا اجراء سعودی عرب میں جدہ' مکہ مکرمہ' مدینہ منورہ' ریاض' داہران اور الواسیع میں ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ ابو ظبی' دوبئ' شارجہ' راس الخیمہ' انگلینڈ' فرانس' کینیڈا اور امریکہ میں بھی اس کورس کا اجراء ہو چکا ہے۔

دوسرے کورس (عربی گرامر حصہ اول) کا اجراء نومبر 1990ء میں ہوا۔ قرآن حکیم کو سمجھ کر پڑھنے کے لئے ابتدائی عربی گرامر کا جاننا ناگزیر ہے۔ تاہم اس کورس کا مقصد یہ ہے کہ طلبہ و طالبات کو عربی گرامر کے بنیادی اصولوں سے اس حد تک متعارف کرا دیا جائے کہ قرآن اور احادیث سے براہ راست استفادہ کے لئے انہیں ایک بنیاد حاصل ہو جائے۔ اول الذکر کورس کی طرح یہ کورس بھی بہت مقبول ہوا ہے۔ اس کے طلبہ و طالبات کی تعداد 1761 تک پہنچ چکی ہے۔ یہ کورس بھی بیرونِ پاکستان سعودی عرب' ابو ظبی' دوبئ' شارجہ' انگلینڈ' فرانس' کینیڈا اور امریکہ میں جاری ہو چکا ہے۔

اس کورس کے حصہ دوم کا آغاز بھی اکتوبر 1992ء میں کر دیا گیا تھا۔ اس میں طلبہ کی تعداد 212 تک پہنچ چکی ہے۔ جبکہ حصہ سوم کا آغاز مارچ 1997ء میں ہوا۔ اس میں

طلبہ کی تعداد 81 تک پہنچ چکی ہے۔

2.2۔ ترجمۂ قرآن کریم کورس

1996ء میں شعبہ خط و کتابت کورسز میں ایک نئے کورس بعنوان "ترجمہ قرآن کریم" کا اجراء کیا گیا ہے۔ یہ کورس خاص طور پر نوجوان طبقے کے لئے جاری کیا گیا ہے' یعنی سکول اور کالج کے طلبہ و طالبات جو اردو لکھ پڑھ سکتے ہوں۔ اس سطح پر طلبہ و طالبات کا حافظہ بہت تیز ہوتا ہے اور یہ اس کورس کے بعد الفاظ کا ترجمہ بآسانی کر سکتے ہیں۔

ایسے نوجوان بچوں اور بچیوں کو ترجمۂ قرآن سکھانے کے لئے ایک طریقہ وضع کیا گیا ہے۔ ایسے بچے اور بچیاں اپنے گھر میں سہولت کے وقت میں روزانہ تقریباً دس سے پندرہ منٹ صرف کر کے قرآن کریم کا ترجمہ سیکھ سکتے ہیں' گھر سے باہر جانے کی ضرورت نہیں' ٹیوٹر کی ضرورت نہیں' ٹیوشن فیس دینے کی بھی ضرورت نہیں۔ دین دار والدین جنہوں نے کسی وجہ سے اب تک اپنی اولاد کو قرآن کی تعلیم دینے کی طرف توجہ نہیں دی' وہ صرف تھوڑی سی توجہ کر کے اپنے بچوں کو اس طریقے کے مطابق قرآن کریم کا ترجمہ سکھا سکتے ہیں۔ انہیں صرف یہ دیکھنا ہو گا کہ بچے روزانہ دس سے پندرہ منٹ اس کام کے لئے صرف کریں اور ناغہ نہ کریں۔ اس کورس کے اختتام پر کامیاب طلبہ و طالبات کو اسناد جاری کی جاتی ہیں۔ اس کورس کی فیس بہت کم' یعنی صرف 100 روپے رکھی گئی ہے۔ اس کورس کا اجراء فروری 1996ء سے کیا گیا ہے۔ اب تک اس کورس میں 529 طلباء اور طالبات شریک ہو چکے ہیں۔ اور 20 طلبہ و طالبات کورس مکمل کر کے سند حاصل کر چکے ہیں۔

مذکورہ بالا پانچ کورسز میں دورانِ سال داخلہ لینے والوں اور دورانِ سال کورس مکمل کرنے والوں کی تعداد کے حوالے سے ۹۸۔۱۹۹۷ء اور ۹۹۔۱۹۹۸ء کے اعداد و شمار کا مکمل موازنہ اگست ۹۹ء کے حکمت قرآن میں "مرکزی انجمن کی سرگرمیوں کی جھلکیاں" کے ذیل میں شائع کیا گیا ہے۔ ○○

نجم المدارس سے قاضی عبدالحلیم حقّانی کا مکتوب

دورۂ ترجمۃ القرآن الحکیم کا مرسلہ کیسٹس سیٹ موصول ہوا۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء فی الدّارین۔ ناکارہ اُس وقت موجود نہیں تھا' مختصر سفر پر تھا' اس لئے تحریرِ رسید میں کچھ تاخیر ہو گئی۔

بعد العصر تا قبیل المغرب اس کی ساعت (اجتماعی) کا وقت عملاً طے ہو چکا ہے۔ جتنا سنا ماشاء اللہ ع دیدن یک بارہ ام مشتاق دیگر بارہ کردوالا معاملہ ہے۔ بہرحال اللہ مجھے اور احقر کے متعلقین کو سیٹ سے استفادہ کی توفیق عطا فرمائے اور اس میں بیان کردہ حقائق اُمّت تک اسی شستہ انداز سے منتقل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بحمدہٖ شہر کی ۵ مساجد کے ساتھ احقر کا براہ راست رابطہ ہے۔ ایک مسجد محلّہ مسجد عثمانیہ ہارون آباد میں روزانہ بعد العشاء درس ہوتا ہے۔ مسجد عثمانیہ وسط بازار میں سوموار منگل بعد العصر درس ہوتا ہے۔ مکی مسجد کلاچی میں بروز جمعہ بعد المغرب درس ہوتا ہے۔ مسجد محمد اکبر خان مرحوم میں بروز بدھ بعد المغرب درس ہوتا ہے اور مسجد شخی گیٹ میں خطابت جمعہ کا شغل بحمدہٖ جاری ہے۔ بہرحال دعاؤں سے دست گیری فرمائیں کہ حق تعالیٰ نجم المدارس کے تدریسی و انتظامی امور کے ساتھ تحریک عمل برائے نفاذ شریعت اسلامیہ اور عمومی مواعظ و دروس و خطابت جمعہ کے لئے موفق فرمادے اور قرآن و حدیث کے ابلاغ کے مواقع اور سلیقہ سے نوازے۔ آمین۔ ممکن ہو تو ڈاکٹر صاحب زید لطفہ اور دوسرے احباب کو سلام پہنچادیں۔

فقط والسلام دعاگو و دعاجو
قاضی عبدالحلیم حقانی
نائب مہتمم مدرسہ عربیہ نجم المدارس کلاچی
ضلع ڈیرہ اسماعیل خان